بسم الله الرحمن الرحيم

درس۵:

حروف رُبَّ، عَلٰی ،عَنْ، کاف، مُذْ، مُنْذُ اور حتّٰی کے معنی

ImamSadiq.tv

- چھٹا حرف جر رُبَّ ہے

حرف رُبَّ کے کچھ معانی ہیں:

(۱) تقلیل (قلت) ہمیشہ کلام کے شروع میں آتاہے اور نکرہ موصوفہ پر داخل ہوتا ہے، جیسے: رُبَّ رَجُلٍ كَرِيمٍ لَقِيْتُه

(۲) تکثیر (کثرت) جیسے: رُبَّ تالِ القُرْآنِ وَالْقُرآنُ يَلْعَنُهُ

- ساتواں حرف جر علی ہے

حرف عَلٰی کے دو معنی ہیں:

(۱) استعلاء یعنی کسی چیز کا دوسرے چیز کے اوپر یا بلندی پر ہونا۔ کبھی حقیقی بلندی مراد ہو گی جیسے: زيدٌ على السطح اور کبھی مجازی، جیسے: عليه دَيْن

(۲) فی کے معنی میں استعمال ہونا، جیسے: إِذْ وُقِفُوا عَلَى النَّارِ أي : في النار

- آٹھواں حرف جر عن ہے

حرف عَنْ کا ایک معنی ہے

(۱) مجاوزۃ، یعنی کسی چیز کا دوسرے چیز سے تجاوز (گذر) کر جانا۔ کبھی حقیقی معنی میں تجاوز کر جائے جیسے: رَمَيْتُ السَّهْمَ عَنِ القَوْسِ أي: تجاوز عن القوسِ اور کبھی مجازی معنی میں تجاوز کر جائے جیسے: بَلَغَني عن زَيدٍ حَديث ، ومعناه تجاوز عنه حديث

نواں حرف جرّ حرف کاف ہے اور اسکے دو معنی ہیں:

(۱) تشبیہ کبھی ذات میں ہو گی جیسے: زيدٌ كأخيه ، اور کبھی صفت میں جیسے: زيدٌ كالأسد.

(۲)زائدہ جیسے:لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ

- حروف جرّ کا دسواں مورد مُذْ اور مُنْذُ ہے اور اسکے دو معنیٰ ہیں:

(۱)ابتداء الغاية،یعنی زمانہ ماضی میں کسی مقصد و غایت کی شروعات(ابتدا)ہونا جیسے:ما رَأَيته مذ [أو مُنْذُ] يوم الجمعة ، أي : أوّل انتفاء رؤيتي يوم الجمعة

ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv

(۲)ظرفیت،زمانہ حاضر میں ظرفیت کا بیان ہونا جیسے: ما رأيته [مُذْ أو] منذ يومنا ، أي : عدم رؤيتي في جميع يومنا.

- حروف جرّ کا گیارہواں حرف جر حتّیٰ ہے اور اسکے دو معنیٰ ہیں:

(۱)انتہا غایت یعنی کسی مقصد و غایت کی انتہا بیان کرنا جیسے:أكلْتُ السمَكَةَ حتّى رأسِها حتى کے مابعد کا اسم حکم میں شامل ہوتا ہے لیکن الی کے مابعد کا اسم حکم میں شامل نہیں ہوتا۔ جیسے: ثُمَّ أَتِمُّوا الصِّيَامَ إِلَى اللَّيْلِ۔

(۲)مع کے معنیٰ میں بھی استعمال ہوتا ہے جیسے: جاءني الحاجّ حتّى المُشاة۔

ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv

ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv ImamSadiq.tv